ساحل کے لیے کچھ ایثار کیجیے

ساحل ایک نئے عہد کا آغاز کر رہا ہے۔ ساحل اندھیرے میں ننھا سا دیا، چھوٹا سا جگنو ہے۔ اس جگنو کو آپ کے علمی و عملی تعاون کی ضرورت ہے۔ ساحل آپ سے نہ چندہ مانگتا ہے نہ مالی تعاون طلب کرتا ہے نہ آپ پر بوجھ ڈالنا چاہتا ہے اسے صرف آپ کی توجہ اور محبت کی ضرورت ہے۔

اس کے وسائل محدود ہیں لہٰذا ملک بھر میں ساحل کی تقسیم و ترسیل کا مکمل نظام قائم کرنا ممکن نہیں، اس کے قارئین کی تعداد بہت زیادہ ہے لیکن ہم یہ رسالہ ان تک پہنچانے سے قاصر ہیں کیونکہ ڈاک کے اخراجات بہت زیادہ ہیں۔ ساحل پاکستان کا واحد رسالہ ہے جس کی قیمت گزشتہ دس سال سے صرف دس روپے ہے اس لیے کہ ہم لاگت سے بھی کم قیمت پر اس رسالے کی تقسیم و ترسیل کرتے ہیں۔ یہ رسالہ دولت کمانے اور عزت حاصل کرنے کا ذریعہ نہیں یہ آخرت کو بہتر بنانے کی حقیر سی کوشش ہے۔

اگر آپ حضرات اپنے شہروں، محلوں، دیہات، قصبات، گاؤں اور علاقوں میں ساحل کی تقسیم و ترسیل کی ذمہ داری لے سکیں تو اپنے نام، پتے، فون نمبر اور موبائل فون نمبر سے آگاہ کیجیے یہ تفصیلات رسالے میں شائع کر دی جائیں گی اور متعلقہ شہر، قصبے، ضلع، دیہات، گاؤں کے لوگ اس مرکز سے اس رسالے کو حاصل کر سکیں گے۔ یہ خدمات آپ کو فی سبیل اللہ ادا کرنا ہوں گی۔ رسالہ آپ کے مرکز پر ارسال کر دیا جائے گا اور آپ کی ذمہ داری ہوگی کہ خریداروں تک اسے پہنچا دیں یا خریدار خود آپ تک پہنچ کر رسالہ حاصل کر لیں۔ اس کے لیے آپ سے پیشگی رقم طلب نہیں کی جائے گی۔ رسالہ فروخت کرنے کے بعد اگر آپ مناسب سمجھیں تو وصول شدہ رقم ارسال فرما دیجیے تاکہ چراغ روشن رہ سکے۔

یہ رسالہ ایک ننھا سا دیا ہے، ایک حقیر کوشش ہے، دریا کی ایک ننھی سی لہر سمندر کی ایک چھوٹی سی موج اور ایک لرزتی ہوئی کرن جو دنیا میں حق کی روشنی کو عام کرنا چاہتی ہے۔ اس کار خیر میں آپ بھی حصہ دار بنئے، ستائش اور صلے کی تمنا کے بغیر بے لوث طریقے سے، پورے شعور کے ساتھ اور اخلاص کی گہرائیوں سے۔